| Roll No. | | | | | | | | | | | | Serial No. of Q. C. A. B. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 60 + 14 = 74 ]
Total No. of Questions : 60 + 14 = 74 ]

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 16
[ Total No. of Printed Pages : 16

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **85-U**
**Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ
# Subject : SOCIAL SCIENCE

( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ )
( Urdu Version )

ದಿನಾಂಕ : 02. 04. 2009 ]
ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-30 ರವರೆಗೆ ]
ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 100 ]

[ Date : 02. 04. 2009
[ Time : 10-30 A.M. to 1-30 P.M
[ Max. Marks : 100

**FOR OFFICE USE ONLY**

**PART – A**

| Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | | 11. | | 21. | | 31. | | 41. | | 51. | |
| 2. | | 12. | | 22. | | 32. | | 42. | | 52. | |
| 3. | | 13. | | 23. | | 33. | | 43. | | 53. | |
| 4. | | 14. | | 24. | | 34. | | 44. | | 54. | |
| 5. | | 15. | | 25. | | 35. | | 45. | | 55. | |
| 6. | | 16. | | 26. | | 36. | | 46. | | 56. | |
| 7. | | 17. | | 27. | | 37. | | 47. | | 57. | |
| 8. | | 18. | | 28. | | 38. | | 48. | | 58. | |
| 9. | | 19. | | 29. | | 39. | | 49. | | 59. | |
| 10. | | 20. | | 30. | | 40. | | 50. | | 60. | |

*Total Marks of Part –* **A**

**PART – B**

| Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 61. | | 64. | | 67. | | 70. | | 73. | |
| 62. | | 65. | | 68. | | 71. | | 74. | |
| 63. | | 66. | | 69. | | 72. | | × | × |

*Total Marks of Part –* **B**

| Total Marks in words | | Grand Total | |
|---|---|---|---|

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. ✓ | | ✓ | ✓ |
| 2. ✓ | | | |
| *Signature of Evaluators* | *Registration No.* | *Signature of the Deputy Chief* | *Signature of the Room Invigilator* |

[ Turn over

85712610

عام ہدایات :

i) سوال - مع - جواب کے کتابچہ میں دو حصے ہیں، حصہ - A اور حصہ - B ۔

ii) حصہ - A میں 60 سوالات ہیں اور حصہ - B میں 14 سوالات ہیں۔

iii) سوالوں کے جوابات کے لئے سوال - مع - جواب کے کتابچہ میں ہی جگہیں مہیا کی گئی ہیں۔

iv) حصہ - A میں دی گئی ہدایات کے مطابق ہر سوال کے نیچے مہیا کی گئی جگہہ میں صحیح جواب کو پورے طور پر لکھئے۔

v) حصہ - B کے ہر سوال کے لئے کافی جگہہ مہیا کی گئی ہے۔ مہیا کی گئی جگہ میں سوالوں کے جوابات لکھئے۔

## PART - A

ذیل کے ہر سوال / نامکمل بیان کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ مناسب ترین جواب کا انتخاب کیجئے اور اسے سوال کے نیچے مہیا کی گئی جگہہ میں لکھئے۔

60 × 1 = 60

1. ہندوستان میں پرتگالی حکومت کو ایک مضبوط بنیاد عطا کرنے والا کون تھا ؟

(A) واسکو ڈی گاما (B) المیڈا

(C) برتھولومیو (D) الفانسو ڈی البوقرق

جواب : ____________

2. وانڈی واش کی جنگ میں فرانسیسیوں کو شکست دینے والا انگریزی سپہ سالار کون تھا ؟

(A) نیلسن (B) آئر کوٹ

(C) ہیولاک (D) جان نکولسن

جواب : ____________

3. 1857 کی بغاوت میں ناناصاحب نے کانپور میں لڑائی کی جبکہ بیگم حضرت محل نے ............ کے مقام پر لڑائی کی۔

(A) لکھنؤ (B) جھانسی

(C) میرٹھ (D) بارکپور

جواب : ____________

4. برطانوی عہد کے دوران ' محل ( Mahal ) ' سے کیا مرا د تھا ؟

(A) ضلع (B) ریاست

(C) تالوک (D) محل ( پیلیس )

جواب : ____________

5. میگ لنگ نامی عیسائی مبلّغ کا جاری کردہ کنڑ کا پہلا اخبار کونسا ہے ؟

(A) امرت بازار پتریکا (B) منگلورو سماچار

(C) دی ہندو (D) شُبودھ پتریکا

جواب : ____________

6. ہندوستان میں ہمہ موسمی شاہ راہیں تعمیر کرنے کا منصوبہ بنانے والا ذمہ دار کون تھا ؟

(A) ڈلہوزی (B) مُنرو

(C) ولیم بینٹنک (D) کرزن

جواب : ____________

7. سردار ولبھ بھائی پٹیل نے کونسی ریاست کے خلاف پولس ایکشن لیا تھا ؟

(A) جوناگڑھ (B) جموں و کشمیر

(C) میسور (D) حیدر آباد

جواب : ____________________

8. میسور ریاست کا وجود .................... کو ہوا ۔

(A) 1 ، نومبر 1956 (B) 14 ، اگست 1947

(C) 1 ، نومبر 1973 (D) 15 ، اگست 1947

جواب : ____________________

9. کس مقام پر آسٹریا کے ولی عہد شہزادے کا قتل ہوا ؟

(A) قسطنطنیہ (B) سراجیو

(C) پیرس (D) فلورنس

جواب : ____________________

10. کسی ملک میں جمہوریت کی کامیابی .................... پر منحصر کرتی ہے ۔

(A) عوام کی تعلیم

(B) عوام کی تنظیم

(C) عوام کی دولت

(D) عوام کی صحت

جواب : ____________________

11. یوروپی اقوام کی موجودہ کرنسی کیا ہے ؟

(A) روپیہ (B) پاؤنڈ

(C) ڈالر (D) یورو

جواب : ____________________

12. ممالک کا وہ گروہ جو سرمایہ دارانہ یا کمیونسٹ بلاک میں شامل نہیں، کیا کہلاتا ہے ؟

(A) ایٹمی دنیا (B) قدیم دنیا

(C) جدید دنیا (D) تیسری دنیا

جواب : ____________________

13. کوہِ ہمالہ کی سب سے اونچی قطار (رینج) کونسی ہے ؟

(A) ہمادری (B) ہماچل

(C) سیوالک (D) وندھیا

جواب : ____________________

14. صندل لکڑی کے درخت کہاں اُگائے جاتے ہیں ؟

(A) مینگرو جنگلات (B) سدا بہار جنگلات

(C) حاری پت جھڑ جنگلات (D) حاری خار دار جنگلات

جواب : ____________________

15- المونیم کی تیاری میں استعمال ہونے والا خام مال کیا ہے ؟

(A) مینگنیز (B) باکسائیٹ

(C) ہیماٹائٹ (D) میگنیٹائٹ

جواب: ______________________________

16- دہلی کے قریب گرگاؤں میں ایک تحقیقی مرکز ہے جو ________ پر تحقیق کرتا ہے۔

(A) ہوائی توانائی (B) شمسی توانائی

(C) آبی توانائی (D) حرارتی توانائی

جواب: ______________________________

17- ہندوستان زیادہ تر کچ لوہا کس ملک کو برآمد کرتا ہے ؟

(A) چین (B) ایران

(C) جاپان (D) اٹلی

جواب: ______________________________

18- ٹوکریاں بُننا گھریلو صنعت کی پیداوار ہے جبکہ برقی پنکھے بنانا ________ کی پیداوار ہے۔

(A) چھوٹے پیمانے کی صنعت (B) اوسط پیمانے کی صنعت

(C) بڑے پیمانے کی صنعت (D) ماہری صنعت

جواب: ______________________________

19- گھریلو صنعتوں کی تیار شدہ اشیاء کس مارکیٹ کی مانگ کو پورا کرتی ہیں ؟

(A) قومی مارکیٹ (B) ریاستی مارکیٹ

(C) مقامی مارکیٹ (D) بین الاقوامی مارکیٹ

جواب: ______________________________

20- ہندوستان کی درآمدات اور برآمدات زیادہ تر ________ کے ذریعہ ہوتی ہیں۔

(A) بری راستہ (B) سمندری راستہ

(C) ریلوے راستہ (D) فضائی راستہ

جواب: ______________________________

21- حیدرآباد کے نظام نے سب سے پہلے کس پالیسی کو تسلیم کیا ؟

(A) نئے رکن (ریکروٹمنٹ) کی پالیسی (B) مفت تجارتی پالیسی

(C) عہدِ معاونت کی پالیسی (D) مسئلہ الحاد کی پالیسی

جواب: ______________________________

22- میسور کے وڈیر حکمرانوں میں سے کس کو" جدید ریاست میسور کا معمار" کہا جاتا ہے ؟

(A) نرسں راجا وڈیر
(B) کرشنا راجا وڈیر چہارم
(C) راجا وڈیر
(D) چکّ دیو راج وڈیر

جواب: ________

23- بنیادی خیالات کی بنا پر ہندو سماج کی اصلاح کے لئے " ویدوں کی طرف لوٹ آؤ " کی دعوت کس نے دی ؟

(A) آتمارام پانڈورنگ
(B) دیانند سرسوتی
(C) راجہ رام موہن رائے
(D) سوامی وویکانند

جواب: ________

24- جوتی راؤ پھلے کے نظریہ کے تحت وہ کونسا ہتھیار ہے جس کے ذریعہ استحصال کا خاتمہ اور سماج کی جدید کاری ممکن ہے ؟

(A) ٹریڈ یونین تحریک
(B) پچھڑے طبقے کے لئے نشستیں محفوظ کرنا
(C) تعلیم مہیا کرنا
(D) بیواؤں کی دوسری شادی کی حوصلہ افزائی کرنا

جواب: ________

25- کس ایکٹ کے تحت مُدھول ریاست کے ہل گلی بیدوں نے انگریزوں کے خلاف بغاوت کی ؟

(A) ریگولیٹنگ ایکٹ
(B) اسلحہ (آرمس) ایکٹ
(C) اِنلِسٹمنٹ ایکٹ
(D) ورناکولر ایکٹ

جواب: ________

26- سردار ولبھائی پٹیل کو ہندوستان کا مردِ آہن یا فولادی شخص کیوں کہا جاتا ہے ؟

(A) ہندوستان کا وزیر داخلہ ہونے کی وجہ سے
(B) جوناگڑھ ریاست کو ہند یونین میں شامل کرنے کی وجہ سے
(C) شاہی ریاستوں کو ہند یونین میں شامل کرنے کی وجہ سے
(D) حکمراں کو راج دھن (privy purse) یا خاص خرچ دینے کے لئے تسلیم کرنے کی وجہ سے

جواب: ________

27- ماؤزے تنگ کی "آگے کی طرف چھلانگ (Leap Forward) پالیسی سے چین میں کیا نتیجہ پیش آیا ؟

(A) کسانوں میں بے اطمینانی ہوئی
(B) معاشی حالات میں سدھار ہوا
(C) اجتماعی زراعت رائج ہوئی
(D) نجی مقبوضات کا خاتمہ ہوا۔

جواب: ________

28- پہلی عالمی جنگ کے بعد امن کے لئے قائم کردہ ادارہ کونسا ہے ؟

(A) ریڈ کراس سوسائٹی (B) آمنیسٹی بین الاقوام

(C) جمعیتِ اقوام (D) انجمن اقوامِ متحدہ

جواب : ____________________

29- "اسلحہ جات کی دوڑ" سے کیا مراد ہے ؟

(A) ممالک کے درمیان آپس میں شک و شبہ

(B) لڑائی کے سامانوں کی جدید کاری اور فوج کی مضبوطی

(C) ہتھیاروں کا اکٹھا کرنا

(D) ہتھیاروں کی جدید کاری میں حصہ لینا۔

جواب: ____________________

30- 'سرد جنگ' سے کیا مراد ہے ؟

(A) جارحیت کی وطن پرستی

(B) اسلحہ جات کی دوڑ

(C) خفیہ معاہدے

(D) نظریاتی بنیاد پر دو پاور بلاکوں میں اختلافات

جواب : ____________________

31- اقوام متحدہ کے کونسے ادارہ میں تمام اراکین یا ممبر ہیں ؟

(A) سلامتی کونسل (B) معاشی اور سماجی کونسل

(C) جنرل اسمبلی (D) تولیتی (ٹرسٹی شپ) کونسل

جواب: ____________________

32- سلامتی کونسل میں 'ویٹو' پاور کون رکھتا ہے ؟

(A) عارضی ممبران (B) مستقل ممبران

(C) نامزد ممبران (D) مقررہ ممبران

جواب: ____________________

33- عالمی ادارۂ صحت کا سب سے بڑا کارنامہ کیا ہے؟

(A) وبائی مرض کا خاتمہ (B) غربت کا خاتمہ

(C) ماحول کا تحفظ (D) چیچک کا خاتمہ

جواب: ____________________

34 - کسی فرد کے وجود اور اس کی ترقی کے لئے کیا ضروری ہے ؟

(A) بنیادی حقوق (B) پیدائشی حقوق

(C) انسانی حقوق (D) خاص حقوق

جواب : ______________

35 - نسلی امتیاز اور غلامی کے خلاف لڑنے والا پہلا شخص کون تھا ؟

(A) جان الف - کینیڈی (B) گاندھی جی

(C) نیلسن منڈیلا (D) ابراہم لنکن

جواب: ______________

36 - درج ذیل میں انسانی نسل کے لئے سب سے زیادہ خطرناک چیز کیا ہے ؟

(A) بائیولوجیکل ہتھیار (B) کیمیائی اشیاء

(C) نیوکلیائی ہتھیار (D) میزائل

جواب : ______________

37 - ہندوستان کو 28 ریاستوں، 1 قومی دارالسلطنت کا علاقہ ( کیپیٹل ٹیری ٹوری) اور 6 مرکزی زیر انتظامیہ علاقوں میں تقسیم اس لئے کیا گیا تاکہ حکومت کا

(A) اچھا نظام ہو سکے (B) طویل نظام ہو سکے

(C) خراب نظام ہو سکے (D) بہت کڑا یا سخت نظام ہو سکے

جواب : ______________

38 - فیرل قانون ( *Ferrel's law* ) کے تحت جنوب مشرقی تجارتی ہوائیں جنوب مغربی مانسون ہوجاتی ہیں کیونکہ

(A) شمال میں ہوا کا کم دباؤ ہوتا ہے (B) جنوب میں ہوا کا کم دباؤ ہوتا ہے

(C) مشرق میں ہوا کا کم دباؤ ہوتا ہے (D) مغرب میں بھاری دباؤ ہوتا ہے

جواب : ______________

39 - گھریلو اور چھوٹے پیمانے کی صنعتیں ہندوستان کے حالات کے لئے زیادہ مناسب ہیں - کیوں ؟

(A) روزگار فراہم کرتی ہیں (B) کم سرمایہ کی ضرورت پیش آتی ہے

(C) مقامی وسائل پر منحصر ہوتی ہیں (D) کم مقدار میں برقی قوت استعمال ہوتی ہے۔

جواب: ______________

40 - قومی پارک کیوں بنائے جاتے ہیں ؟

(A) جنگلات کے تحفظ کے لئے (B) پرندوں کے تحفظ کے لئے

(C) جنگلی حیات کے تحفظ کے لئے (D) شیروں کے تحفظ کے لئے

جواب : ______________

41 - ساگوان اور سال کے درخت حاری پت جھڑ جنگلات میں پیدا ہوتے ہیں جبکہ حاری سدا بہار جنگلات کی پیداوار ہیں ______ ہیں ۔

(A) بید اور تاڑ (B) ناگ پھنی اور جنگلی کھجور

(C) ببول اور کسوی (D) آبنوس اور مہوگنی

جواب: ______

42 - ہندوستان میں زیادہ تر کس طرز کی آبپاشی کی جاتی ہے؟

(A) کنوؤں کے ذریعہ (B) تالابوں کے ذریعہ

(C) نہروں کے ذریعہ (D) ٹیکاؤں کے ذریعہ

جواب: ______

43 - پائپ لائن کے ذریعہ تیل، قدرتی گیس اور معدنی تیل کی نقل و حمل کیوں آسان ہے؟

(A) ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچانے میں کوئی خطرہ نہیں

(B) صرف بندرگاہوں کے ساتھ جڑا ہوا جاتا ہے

(C) تاخیر اور نقصان ہونے سے بچاتا ہے

(D) کم سرمایہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

جواب: ______

44 - حالیہ سالوں میں اندرونی آبی راستوں کا زوال کیوں ہو رہا ہے؟

(A) متوازی ریلوے لائن اور سڑکوں کی تعمیر (B) فضائی راستے

(C) کیونکہ یہ بہت قیمتی ہے (D) کیونکہ یہ دیر لگاتی ہے

جواب: ______

45 - قدرتی تباہی سے کسانوں کے تحفظ کے لئے حکومت نے کیا اقدامات کئے ہیں؟

(A) فوڈ کارپوریشن آف انڈیا کا قیام

(B) کوآپریٹیو سوسائٹیوں کا قیام

(C) زرعی پیداوار کا بیمہ

(D) جنتا بازار کا قیام

جواب: ______

46 - کونسا ادارہ گھریلو اور چھوٹے پیمانے کی صنعتوں کے لئے قرضہ فراہم کر رہا ہے؟

(A) اسٹیٹ فائنانس کارپوریشن (B) انڈسٹریل ڈیولپمنٹ بینک آف انڈیا

(C) نیشنلائزڈ بینک (D) اسٹیٹ بینک آف انڈیا۔

جواب: ______

47- کونسی شئے ہندوستان کی قدیم برآمد ہے ؟

(A) چھینٹ کپڑا (B) ہیرے

(C) گرم مسالے (D) مسلن کا کپڑا

جواب : ____________

48- 1773 میں ریگولیٹنگ ایکٹ کا جاری کرنا کیوں زیادہ ضروری تھا ؟

(A) علاقے کی توسیع کے لئے

(B) حکومت میں مداخلت کے لئے

(C) ہندوستان پر حکومت کرنے کے لئے

(D) ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت کو باضابطہ کرنے کے لئے

جواب : ____________

49- 1935 میں کس قسم کی حکومت صوبوں میں ناکام رہی اور مرکز میں قائم ہوئی ؟

(A) جمہوری حکومت

(B) ملکیت یا بادشاہی

(C) دو عملی حکومت

(D) سماجی یا اِشتراکی حکومت

جواب : ____________

50- اینی بیسنٹ نے سنٹرل ہندو کالج کی بنیاد کس مقصد سے ڈالی ؟

(A) ہندو مذہب کو احیا یا دوبارہ زندہ کرنے کے لئے

(B) مساوات کا جذبہ پیدا کرنے کے لئے

(C) بھائی چارگی کا احساس اُجاگر کرنے کے لئے

(D) مل جل کر رہنے کے لئے

جواب : ____________

51- سنگولی رائنا نے انگریزوں کے خلاف جنگ جاری رکھی کیونکہ وہ چاہتا تھا کہ

(A) راجا بنے

(B) انگریزوں کو سزا دے

(C) کِتّور پر دوبارہ قبضہ کرے

(D) رانی چینمّا کے لے پالک بیٹے کو راجا بنائے ۔

جواب : ____________

52 - قبضہ کیا ہوا جموں اور کشمیر کے حصہ کو کیا کہا جاتا ہے ؟

(A) آزاد کشمیر (B) پاکستان کا قبضہ کردہ کشمیر

(C) خاص ریاست (D) آکاشی چن

جواب: ______

53 - آج بھی ہم اسٹالن کو کیوں یاد کرتے ہیں ؟

(A) اُسکی سالانہ منصوبہ بندی کے لئے

(B) نجی مقبوضات کے خاتمہ کے لئے

(C) پنج سالہ منصوبہ رائج کرنے کے لئے

(D) اجتماعی زراعت رائج کرنے کے لئے

جواب: ______

54 - اٹلی اور جرمنی کے آمرانہ کی طرح ظہور میں آنے کی وجہہ کیا تھی ؟

(A) پہلی عالمی جنگ (B) سماجی بدنظام

(C) بدنظمی ( انارکی) (D) معاشی بحران

جواب: ______

55 - میجی کی بحالی سے جاپان کی ترقی اس طرح ہوئی کہ وہ ______ کہلایا ۔

(A) ایک امیر صنعتی ملک

(B) ایک امیر زراعتی ملک

(C) ایک امیر زراعتی ملک

(D) ایک خواندہ عوام کا ملک

جواب: ______

56 - دولتِ مُشترکہ سے مراد کیا ہے ؟

(A) یوروپی ممالک کی تنظیم

(B) نئی انگریزی مقبوضات کا مجموعہ

(C) برطانیہ کے سامراجی مقبوضات ( نوآبادیات) کی تنظیم

(D) انگلینڈ کی رضاکارانہ تنظیم

جواب: ______

57- شمالی ہندوستان کی زمین کو ہندوستان کا دل کیوں کہا جاتا ہے ؟

(A) دوامی دریاؤں کی وجہ سے

(B) زمین ہموار ہونے کی وجہ سے

(C) زراعت کے لئے زرخیز ہونے کی وجہ سے

(D) آبپاشی کے لئے نہریں ہونے کی وجہ سے

جواب: ______

58- کارل مارکس کے نظریہ کے تحت جاگیردارانہ مسائل کا واحد حل کیا تھا ؟

(A) پرولتار یا مزدور لوگوں کی آمریت

(B) زار کی حکومت

(C) کسانوں کی حکومت

(D) عام لوگوں کی حکومت

جواب: ______

59- جمعیتِ اقوام کس لئے ناکام ہوئی ؟

(A) USA اس میں شامل نہیں ہوا

(B) بہت سے ملک اس سے باہر رہ گئے

(C) جمعیتِ اقوام کی اپنی فوجی طاقت نہیں تھی

(D) تخفیفِ اسلحہ کو بروئے کار لانے میں ناکامی

جواب: ______

60- 'منچو' خاندان نے چین پر آخری حکومت کی کیونکہ

(A) انکے شہنشاہ کمزور اور نااہل تھے

(B) انکے تجارتی تعلقات فرانس کے ساتھ تھے

(C) انگلستان نے چین کو شکست دی تھی

(D) امریکہ والوں نے تجارتی حق لے لئے تھے۔

جواب: ______

## PART – B

ذیل کے ہر سوال کا جواب دو جملوں میں دیجئے :

6 × 2 = 12

61- ڈوپلیکس کون تھا ؟ اس کی کیا خواہش تھی ؟

62- سری رنگا پٹنہ معاہدہ کے کونسے دو شرائط تھے جس سے ٹیپو سلطان کو اپنا مستقبل کھونا پڑا ؟

63- بچوں کی خاطر اقوام متحدہ کی طرف سے دیئے گئے کوئی چار حقوق لکھئے.

64- مصنوعاتی صنعتوں سے کیا مراد ہے ؟ ان کی قسمیں لکھئے.

65- ہندوستان کے پلاننگ کمیشن کے دو کام کیا ہیں ؟

66- سر ایم۔ وشویسوریا کے کوئی دو کارہائے نمایاں لکھئے۔

ذیل کے ہر سوال کا جواب تین جملوں میں لکھئے :

4 × 3 = 12

67- 1857 کی بغاوت کی ناکامی کے کوئی تین اسباب لکھئے۔

68- تنظیمِ اقوامِ متحدہ کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟

69- گُزرانی زراعت، تجارتی زراعت اور مخلوط زراعت سے کیا مراد ہے ؟

70- ہندوستان کی بین الاقوامی تجارت کے کوئی تین خصوصیات لکھئے ۔

ذیل کے ہر سوال کا جواب آٹھ جملوں میں لکھئے : 3 × 4 = 12

71- اعتدال پسند' انتہاپسندوں سے کس طرح الگ تھے؟ اعتدال پسندوں کے چار مطالبات کیا تھے ؟

72- غربت سے کیا مراد ہے ؟ غربت کو دُور کرنے کے لئے حکومت کی طرف سے کونسے اقدامات اٹھائے گئے ؟

-73 ہندوستان کی زراعت پسماندہ یا پیچھے کیوں ہے ؟

-74 ہندوستان کا خاکہ نقشہ کھینچ کر درج ذیل کی نشاندہی کیجئے : $1 + 3 = 4$

a) دریائے کاویری

b) کولکاتا

c) $82\frac{1}{2}^\circ$ مشرقی طول البلد

صرف نابینا امیدواروں کے لئے (سوال نمبر 74 کی جگہ)

ہندوستان کے طبعی حصّوں کے نام لکھئے۔ ہندوستان کی معاشی ترقی میں ساحلی زمینوں کی کیا اہمیت ہے؟ 4